hseni
CONTROLLING RISK TOGETHER

Urdu

TUC

آپ کی صحت، آپ کی سلامتی: ورکروں کے لیے ایک گائیڈ

A guide for workers - your health, your safety:

یہ معلومات ٹریڈ یونین کانگریس (ٹی یو سی) کے تعاون سے ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکٹو (ایچ ایس ای) کی طرف سے ہیں۔ ایچ ایس ای ایک حکومتی ادارہ ہے جو صحت اور سلامتی سے متعلق قوانین نافذ کر کے اور مشورے اور راہنمائی فراہم کر کے ورکروں کی صحت، سلامتی اور فلاح و بہبود کے لیے کام کرتا ہے۔ ٹی یو سی 6.5 ملین سے زائد ممبران پر مشتمل 70 ٹریڈ یونینوں کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ کانگریس کام کی جگہ پر شفاف انداز کار اور عمدہ معیار کے لیے کوشاں رہتی ہے۔

اگر آپ ایک ملازم ہوں (کل وقتی یا جز وقتی، عارضی یا مستقل) تو، یہ معلومات واضح کرتی ہیں کہ آپ کے حقوق کیا ہیں، اپنے ایمپلائر سے آپ کو کیا توقع کرنا چاہیے، آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں، اور مدد کی ضرورت ہو تو کہاں رجوع کیا جائے۔ اگر آپ تجربے کی خاطر کام کرنے والے کوئی نوعمر فرد، اپرینٹس، چیریٹی ورکر، چلتے پھرتے (موبائل) کارکن، یا گھر سے کام کرنے والے (ہوم) کارکن ہوں تو بھی آپ پر اس کا اطلاق ہوگا۔

اگر آپ کوئی عارضی، وقتی (casual)، یا ایجنسی ورکر ہوں تو، ایمپلائمنٹ بزنس/ ایجنسی، گینگ ماسٹر، ٹھیکے دار یا جس نے آپ کی خدمات حاصل کر رکھی ہوں، یہ خیال رکھنا اس کی قانونی ذمہ داری ہے کہ نیچے دیئے گئے شدہ حقوق آپ کو حاصل ہوتے ہیں۔

آپ کا حق ہے:

- کہ آپ اس جگہ پر کام کریں جہاں آپ کی صحت اور سلامتی کو لاحق خطرات پر قابو پا لیا گیا ہو۔
- کہ اگر آپ کا خیال ہو کہ آپ خطرے سے دوچار ہیں تو، کام بند کر دیں اور وہاں سے چلے جائیں۔
- کہ آپ صحت اور سلامتی سے متعلق مسائل اور معاملات سے اپنے ایمپلائر کو باخبر رکھیں۔
- کہ اگر آپ پھر بھی صحت اور سلامتی سے متعلق مسائل سے دوچار ہوں اور الجھن سے بچنا چاہیں تو، ایچ ایس ای یا اپنی مقامی اتھارٹی سے رابطہ کریں۔
- کہ کسی ٹریڈ یونین میں شمولیت اختیار کریں اور ایک سیفٹی ریپریزینٹیٹو بن جائیں۔
- کہ اگر آپ کوئی سیفٹی ریپریزینٹیٹو ہوں تو، تربیت کے لیے کام کے اوقات میں سے ہی سے وقت نکالیں (جس کا معاوضہ آپ کو بدستور ملتا رہے)۔
- کہ اگر آپ ایک وقت میں چھ گھنٹوں سے زیادہ دیر کام کرتے ہوں، تو آپ کم از کم 20 منٹ آرام کا وقفہ کریں اور یہ کہ آپ تنخواہ کے ساتھ سالانہ چھٹی حاصل کریں۔

لازمی ہے کہ آپ:

- اپنی اور ان لوگوں کی صحت اور سلامتی کا خیال رکھیں جو آپ کے کسی فعل (یا کچھ نہ کرنے سے) سے متاثر ہو سکتے ہوں۔
- صحت اور سلامتی سے متعلق امور میں دوسروں سے تعاون کریں اور اپنی صحت، سلامتی اور فلاح کے لیے دی گئی کسی چیز کے کام میں رخنہ نہ ڈالیں، یا اسے غلط استعمال نہ کریں۔

لازمی ہے کہ آپ کا ایمپلائر آپ کو مندرجہ ذیل باتیں بتا دے:

- کام کے موجودہ اور مجوزہ طریقہ کار سے متعلقہ ان خطرات کے بارے میں جو آپ کی صحت اور سلامتی کو لاحق ہوں۔
- ان اشیاء اور تبدیلیوں کے بارے میں جو آپ کی صحت اور سلامتی کے لیے باعث خطرہ ہوں، یا ان پر اثر انداز ہو سکتی ہوں۔
- آپ کا کام کیسے بحفاظت سرانجام پائے۔
- آپ کی صحت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے کیا کچھ کیا جاتا ہے۔
- ابتدائی طبی امداد کیسے حاصل کی جائے۔
- کسی ہنگامی صورت حال میں کیا کیا جائے۔

لازمی ہے کہ آپ کا ایمپلائر آپ کو یہ چیزیں بلا معاوضہ مہیا کرے:

- اپنا کام بحفاظت سرانجام دینے کے لیے تربیت
- کام کی جگہ پر ضرورت ہو تو، آپ کے تحفظ کا بندوبست (جیسے کپڑے، جوتے، آنکھوں اور کانوں کی حفاظت کے لیے اشیاء، دستانے، ماسک وغیرہ)
- آپ کے کام کے باعث اگر صحت خراب ہونے کا خطرہ ہو تو طبی معائنہ
- اگر آپ رات کو کام کرتے ہوں تو، باقاعدہ طبی معائنے اور کام شروع کرنے سے پہلے معائنہ

(نوٹ: اگر آپ واقعتاً اپنے ایمپلائر خود ہیں تو، آپ خود کو ابتدائی طبی امداد، تربیت اور حفاظتی ساز و سامان فراہم کرنے، طبی معائنہ کرانے اور اپنے کام کے اوقات خود طے کرنے کے ذمہ دار ہیں)۔

لازمی ہے کہ آپ کا ایمپلائر آپ کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرے:

- صحت اور سلامتی سے متعلق قوانین: آپ کو کیا جاننا چاہیے۔ اس میں ان افراد سے رابطوں کی تفصیلات ہونا چاہئیں جو مدد کر سکتے ہوں۔
- صحت اور سلامتی سے متعلق اپنا پالیسی بیان (statement)
- ایمپلائر کی تازہ ترین ذمہ داری (لازمی انشورنس) ظاہر کرنے والا سرٹیفکیٹ جو آپ کے کام کی جگہ پر نمایاں طور پر دکھائی دیتا ہو۔

اگر آپ کو اپنی صحت اور سلامتی سے متعلق فکر لاحق ہو تو کیا کیا جائے:

- مشورے اور راہنمائی کے لیے ایچ ایس ای کی انفارمیشن لائن کو 0800 0320 121 پر، یا ٹی یو سی کی نو یور رائٹس (Know Your Rights) لائن کو 0870 600 4882 پر فون کریں۔
- اگر آپ کسی سے کسی ایسی زبان میں بات کرنا چاہتے ہوں جو آپ کے لیے زیادہ مناسب ہو تو، براہ کرم 0800 0320 121 پر فون کر کے آپریٹر کو مطلوبہ زبان بتا دیں۔
- اگر صحت اور سلامتی سے متعلق کسی مسئلے کی وجہ سے آپ بے روزگار ہو گئے ہوں تو، آپ کسی ایمپلائمنٹ ٹریبونل کو شکایت کر سکتے ہیں۔ مزید مشورے کے لیے اپنی ٹریڈ یونین، یا مقامی سٹیزن ایڈوائس بیورو سے رجوع کریں۔

HEALTH AND SAFETY EXECUTIVE FOR NORTHERN IRELAND
83 Ladas Drive, Belfast, BT6 9FR, Northern Ireland

Telephone: (028) 9024 3249
Helpline: 0800 0320 121
Textphone: (028) 9054 6896
Facsimile: (028) 9023 5383
Email: hseni@detini.gov.uk
Web: www.hseni.gov.uk

hseni
CONTROLLING RISK TOGETHER